NHS

ایسٹ مڈلینڈز نیونیٹل
آپریشنل ڈیلیوری نیٹ ورک




# منتقلی سے متعلق معلومات

## ایسٹ مڈلینڈز نیونیٹل
## آپریشنل ڈیلیوری نیٹ ورک
## میں نیونیٹل سروسیز (EMNODN)

جولائی 2021

آپ کو یہ معلوماتی کتابچہ اس لیے فراہم کیا گیا ہے کیوں کہ آپ نے ایسٹ مڈلینڈز نیونیٹل آپریشنل ڈیلیوری نیٹ ورک (EMNODN)کے اندر ایک میٹرنٹی یونٹ میں اپنے بچہ کو جنم دینے کے لیے بکنگ کرائی ہے۔

## نیونیٹل آپریشنل ڈیلیوری نیٹ ورک کیا ہے؟

پیدائش کے بعد کچھ بچوں کو جس خصوصی نگہداشت کی ضرورت ہوتی ہے اسے نیونیٹل کیئر (نو زائیدہ بچہ کی نگہداشت) کہا جاتا ہے، اور یہ نیونیٹل یونٹ کے اندر خصوصی طور پر تربیت یافتہ نرسوں اور ڈاکٹروں کے ذریعہ فراہم کی جاتی ہے۔ نیونیٹل کیئر کا نظم ملک بھر میں ان جغرافیائی علاقوں میں کیا جاتا ہے جہاں ہسپتال مل کر کام کرتے ہیں اور انہیں نیونیٹل آپریشنل ڈیلیوری نیٹ ورکس کہا جاتا ہے۔ نیٹ ورک کے ڈاکٹرز اور نرسیں جانکاری اور مہارتیں بانٹتے ہوئے یہ یقینی بنانے میں مدد کرتے ہیں کہ مختلف سطحوں کی نگہداشت تمام بچوں کے لیے قابل رسائی رہیں۔

## نیونیٹل کیئر

یہ کتابچہ اس بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے کہ اگر آپ کے بچہ کی پیدائش بہت جلد ہو جائے، وہ بہت چھوٹا اور بہت بیمار ہو، یا اسے سرجری کی ضرورت ہو تو کیا ہوگا۔

پیدا ہونے والے ہر 9 میں سے تقریباً 1 بچہ کو نیونیٹل کیئر کی ضرورت ہوگی اور ایسٹ مڈلینڈز کے اندر موجود تمام یونٹیں مکمل نگہداشت فراہم کرنے کے لیے مل کر کام کرتی ہیں۔ نیونیٹل انٹینسیو کیئر ایک انتہائی خصوصی خدمت ہے اور یہ صرف چند خصوصی مراکز تک محدود ہے۔

EMNODN کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ تمام نو زائیدہ مریضوں کو اعلیٰ معیار کی نگہداشت موصول ہو۔ اگر آپ کے بچہ کو نیونیٹل کیئر کی ضرورت ہے تو اسے ایسی نیونیٹل یونٹ میں منتقل کر دیا جائے گا جو اس کی ضروریات بہترین طریقہ سے پوری کرتی ہو اور جو خاندان کے گھر سے زیادہ سے زیادہ قریب ہو۔

## نیونیٹل یونٹ کے زمرے

### *اسپیشل کیئر یونٹ (SCU)*

اسپیشل کیئر یونٹس ان بچوں کے لیے ہیں جنہیں انتہائی نگہداشت کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔ عام طور پر، یہ 32 ہفتوں کے حمل کے بعد پیدا ہونے والے بچے ہوں گے۔ انہیں اپنی سانس یا دل کی دھڑکن کی مسلسل نگرانی، اضافی آکسیجن، دودھ پلانے (کبھی کبھی ٹیوب کا استعمال کرتے ہوئے) میں مدد، یرقان کے علاج، انفیکشن کے علاج اور/یا نگہداشت کی دیگر سطحوں سے صحتیابی کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

### *لوکل نیونیٹل یونٹ (LNU)*

لوکل نیونیٹل یونٹس ان بچوں کے لیے ہیں جنہیں اعلیٰ درجہ کی طبی امداد کی ضرورت ہوتی ہے، جسے 'ہائی ڈیپینڈینسی' کیئر کہا جاتا ہے۔ یہ عام طور پر 27 اور 32 ہفتوں کے حمل کے درمیان پیدا ہونے والے بچے ہوتے ہیں۔ انہیں سانس لینے میں مدد، اضافی آکسیجن، قلیل مدتی انتہائی نگہداشت اور/یا نس کے ذریعہ فیڈنگ کی ضرورت ہو سکتی ہے (اگر وہ اتنے بیمار یا اتنے چھوٹے ہیں کہ منہ سے دودھ نہیں پلایا جا سکتا)۔

LNUs اپنے مقامی بچوں کے لیے SCU کیئر بھی فراہم کرتی ہیں۔

### *نیونیٹل انٹینسیو کیئر یونٹ (NICU)*

نیونیٹل انٹینسیو کیئر یونٹس ان بچوں کی نگہداشت کے لیے ہیں جنہیں سب سے زیادہ نگہداشت کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس میں وہ بچے بھی شامل ہیں جو انتہائی قبل از وقت پیدا ہوئے ہوں (27 ہفتوں سے کم کے حمل یا 28 ہفتوں سے کم کے حمل کے جڑواں/تین بچے) یا جنہیں 48 گھنٹے سے زیادہ وقت کے لیے وینٹی لیٹر سے سانس لینے میں مدد کی ضرورت ہو۔

NICUs اپنے مقامی بچوں کے لیے LNU اور SCU کیئر بھی فراہم کرتی ہیں۔

### *سرجیکل کیئر کے لیے منتقلی*

جن بچوں کو سرجری کی ضرورت ہوگی انہیں یا تو نوٹنگھم میں کوئنس میڈیکل سنٹر میں یا پھر لیسٹر رائل انفرمری میں منتقل کیا جائے گا۔ اگر آپ کے بچہ کو دل کی سرجری کی ضرورت ہے تو شروع میں اسے کسی نیونیٹل یونٹ میں نگہداشت فراہم کی جائے گی اور پھر مزید نگہداشت اور مناسب وقت پر علاج کے لیے لیسٹر رائل انفرمری میں واقع ایسٹ مڈلینڈز کنجینیٹل ہارٹ سنٹر میں منتقل کیا جائے گا۔

## ایسٹ مڈلینڈز نیونیٹل یونٹس

EMNODN گیارہ نیونیٹل یونٹس پر مشتمل ہے:

### نیونیٹل انٹینسیو کیئر یونٹس (NICU)

لیسٹر رائل انفرمری (Leicester Royal Infirmary)
کوئنس میڈیکل سنٹر (نوٹنگھم) (Queen's Medical Centre (Nottingham) )
نوٹنگھم سٹی ہاسپٹل (Nottingham City Hospital)

### لوکل نیونیٹل یونٹس (LNU)

رائل ڈربی ہاسپٹل (Royal Derby Hospital)
لنکن کاؤنٹی ہاسپٹل (Lincoln County Hospital)
کنگز مل ہاسپٹل (مینسفیلڈ) (King's Mill Hospital (Mansfield))
نارتھمپٹن جنرل ہاسپٹل (Northampton General Hospital)
کیٹرنگ جنرل ہاسپٹل (Kettering General Hospital)

### اسپیشل کیئر یونٹس (SCU)

کوئنس ہاسپٹل (برٹن) (Queen's Hospital (Burton))
پلگرم ہاسپٹل (بوسٹن) (Pilgrim Hospital (Boston))
لیسٹر جنرل ہاسپٹل (Leicester General Hospital)

## ان-یوٹیرو ٹرانسفرز

اگر آپ کی مڈوائف یا زچگی کی ماہر فکر مند ہے کہ آپ کے بچہ کو نیونیٹل کیئر کی ضرورت ہوگی تو وہ سفارش کر سکتے ہیں کہ **اس سے پہلے کہ آپ بچہ کو جنم دیں** آپ کو کسی ایسے ہسپتال میں منتقل کر دیا جائے جس میں آپ کے بچہ کے لیے ضروری سہولیات موجود ہوں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ انگلینڈ میں ہونے والے مطالعات سے پتہ چلا ہے کہ زیادہ قبل از وقت پیدا ہونے والے بچے اس وقت بہتر ہوتے ہیں اگر وہ کسی ایسے ہسپتال میں پیدا ہوتے ہیں جس میں سائٹ پر نیونیٹل انٹینسیو کیئر یونٹس موجود ہوتی ہیں۔ تاہم، اگر ان-یوٹیرو ٹرانسفر (بچہ دانی کے اندر منتقلی) ممکن نہیں ہے تو اس دوران تمام ہسپتال آپ کے بچہ کو فوری نگہداشت فراہم کرنے کے قابل ہیں جب کہ آپ کے بچہ کو قریب ترین موزوں نیونیٹل یونٹ میں منتقل کرنے کے انتظامات کیے جاتے ہیں۔

## EMNODN کے اندر منتقلیاں

کچھ ایسے مواقع بھی پیش آتے ہیں جب آپ کے بچہ کو کسی دوسرے ہسپتال میں منتقل کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

کچھ وجوہات میں شامل ہیں:

- اگر آپ کے بچہ کی نگہداشت کسی ایسی NICU یا LNU میں کی جا رہی ہے جس میں آپ کی بکنگ نہیں کی گئی تھی۔ جب آپ کے بچہ کو زیادہ اعلی درجہ کی نگہداشت کی ضرورت نہیں ہوگی تو اسے آپ کی نرسیں اور ڈاکٹرز آپ کے گھر سے زیادہ سے زیادہ قریب کسی LNU یا SCU میں منتقل کرنا چاہیں گے۔ یہ یونٹس آپ کو اور آپ کے بچہ کو ڈسچارج کے لیے تیار کرنے میں خصوصی مہارت رکھتی ہیں۔

- ایسی خصوصی نگہداشت، آلات یا سرجری کا حصول جو دوسرے ہسپتال میں فراہم کی جاتی ہے۔

- آپ کے بچہ کو اس لیے بھی کسی دوسری یونٹ میں منتقل کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے کیوں کہ آپ جس یونٹ میں ہیں اس میں جگہ مکمل ہو چکی ہے۔ جہاں بھی ممکن ہوگا اس سے گریز کیا جائے گا، لیکن ان مواقع پر جب اس کی ضرورت ہو آپ کے تعاون اور سمجھ بوجھ کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔ ہم ہمیشہ یہ یقینی بنائیں گے کہ آپ کے بچہ کو ایسی یونٹ میں منتقل کیا جائے جو آپ کے بچہ کو وہ نگہداشت فراہم کرنے کی اہل ہو جس کی اسے ضرورت ہے۔

یہ یقینی بنانے کی ہر ممکن کوشش کی جائے گی کہ آپ کے بچہ کی نگہداشت سب سے موزوں یونٹ میں کی جائے جو گھر سے زیادہ سے زیادہ قریب ہو۔ تمام منتقلیوں کے بارے میں ریفر کرنے والی اور وصول کرنے والی یونٹس سے تفصیلی بات چیت کی جائے گی۔

## EMNODNسے باہر منتقلیاں

اگر نیٹ ورک انتہائی مصروف ہے تو آپ کے بچہ کو ایسٹ مڈلینڈز نیٹ ورک سے باہر کسی یونٹ میں منتقل کرنا ضروری ہو سکتا ہے تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ آپ کے بچہ کو موزوں سطح کی نگہداشت موصول ہو۔ ہم آپ کے بچہ کو جلد سے جلد کسی مقامی یونٹ، یا نیٹ ورک کے اندر کی یونٹ میں واپس بھیجنے کی کوشش کریں گے، بشرطیکہ آپ کا بچہ اس حد تک صحت مند ہو کہ منتقل کیا جا سکے۔

## میرا بچہ کس طرح منتقل کیا جائے گا؟

آپ کا بچہ ایک خصوصی ٹرانسپورٹ انکیوبیٹر میں ایمبولینس کے ذریعہ وصول کنندہ ہسپتال تک سفر کرے گا۔
سفر کے دوران اس کی نگہداشت نیونیٹل ڈاکٹرز اور نرسیز کی ایک تربیت یافتہ ٹرانسپورٹ ٹیم کے ذریعہ کی جائے گی۔

## کیا میرا بچہ میرے بغیر منتقل کیا جائے گا؟

اگر آپ کو ابھی خود بھی ہسپتال کی نگہداشت کی ضرورت ہے تو جیسے ہی آپ کافی حد تک صحتمند ہو جائیں گی، آپ کو جاری مابعد ولادت نگہداشت کے لیے اسی ہسپتال کے اندر ایک وارڈ میں منتقل کر دیا جائے گا جس میں آپ کا بچہ ہے۔ یہ یقینی بنانے کی ہر ممکن کوشش کی جائے گی کہ جب آپ منتقل کیے جانے کے لیے طبی لحاظ سے کافی حد تک صحتمند ہو جائیں تو آپ کو 24 گھنٹوں کے اندر، یا جتنی جلدی ممکن ہو، آپ کے بچہ کے پاس منتقل کر دیا جائے۔

اگر آپ اپنے بچہ کی منتقلی کے وقت داخل ہسپتال مریض نہیں ہیں تو آپ ایمبولینس میں اپنے بچہ اور نیونیٹل ٹرانسپورٹ کے عملہ کے ساتھ سفر کرنے کی اہل ہو سکتی ہیں۔ یہ معلوم کرنے کے لیے کہ آیا یہ ممکن ہے آپ نیونیٹل ٹیم سے بات کر سکتی ہیں۔

اگر آپ اس حد تک صحتمند ہیں کہ ڈسچارج کی جا سکیں اور آپ اپنے بچہ کے ساتھ سفر نہیں کر سکتی ہیں تو آپ اپنے ٹرانسپورٹ کا استعمال کرتے ہوئے خاندان کے کسی فرد یا دوست کے ساتھ ہسپتال تک سفر کر سکیں گی (سیزیرین کے بعد ماؤں کو گاڑی نہیں چلانی چاہیے)۔ یہ یقینی بنانے کے لیے آپ کو ایک پیرنٹ پاسپورٹ فراہم کیا جائے گا کہ آپ کے بچہ کی نگہداشت میں آپ کی شراکت اور شمولیت جاری رہے۔

## معلومات برائے والدین

EMNODN کے تمام ہسپتالوں کے لیے کلیدی معلومات، بشمول یونٹس اور ان کی سہولیات کے تصویری دورے اور ساتھ ہی ساتھ قبل از وقت پیدا ہونے والے اور بیمار بچوں کے والدین کے لیے بہت ساری عملی معلومات تک نیٹ ورک کی ویب سائٹ پر رسائی حاصل کی جا سکتی ہے۔ ذیل کا QR کوڈ اسکین کریں یا www.emnodn.nhs.ukدیکھیں۔

## مدد اور صلاح و مشورہ

اپنے کسی بھی ایسے سوال کے لیے جو آپ اپنی مابعد ولادت نگہداشت کے بارے میں رکھتی ہوں، برائے مہربانی اپنی مڈوائفری ٹیم سے بات کریں، جو آپ کے کسی بھی سوال کا جواب دے سکے گی۔ اپنے بچہ کی نگہداشت سے متعلق کسی بھی سوال کے لیے، برائے مہربانی ہماری کسی بھی نیونیٹل نرسیز اور/یا ڈاکٹرز سے بات کریں جنہیں آپ کو صلاح و مشورہ دینے میں خوشی ہوگی۔

نیونیٹل کیئر کے بارے میں مزید صلاح و مشورہ اور تعاون تک درج ذیل پر رسائی حاصل کی جا سکتی ہے:
www.bliss.org.uk
فون: 020 7378 1122

یہ معلوماتی کتابچہ ایسٹ مڈلینڈز نیونیٹل آپریشنل ڈیلیوری نیٹ ورک کے ذریعہ تیار اور پیش کیا گیا تھا۔

اس بارے میں مزید معلومات کے لیے کہ ہم کیا کرتے ہیں، برائے مہربانی ہماری ویب سائٹ دیکھیں: www.emnodn.nhs.uk